تبصرے

ہفت مقالہ - مرتبہ جناب سید حسام الدین صاحب راشدی تقطیع متوسط ضخامت ۱۴۳ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت -/8 پتہ:- انجمن ترقی اردو پاکستان - بابائے اردو روڈ- کراچی -

انجمن ترقی اُردو کا سہ ماہی رسالہ اردو اپنے دور اوّل میں نہایت بلند پایہ علمی اور ادبی مجلّہ تھا اور اگرچہ وہ مخصوص تھا اُردو زبان وادب کے لئے۔ لیکن چونکہ اردو کا تعلق فارسی زبان وادب سے بہت گہرا ہے اس لئے فارسی ادبیات پر بھی اس میں بڑے معرکۃ الآرا مقالات شائع ہوئے تھے ضرورت تھی کہ اگر یہ مقالات سب نہیں تو کم از کم اُن کا ایک انتخاب شائع کردیا جائے تاکہ اُن سے یکجائی طور پر استفادہ کیا جا سکے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی ضرورت کی تکمیل کی طرف پہلا قدم ہے - اس مجموعہ میں حسب ذیل سات مقالات —— جیسا کہ نام سے ظاہر ہے — شامل ہیں :-

(۱) تصنیفات شیخ فریدالدین عطار۔ محمود خاں شیرانی (۲) شاہنامہ کا دیباچۂ قدیم، شمس اللہ قادری (۳) فردوسی کا مذہب، پروفیسر محمد اقبال (۴) رباعیات عمر خیام، آسی لکھنوی - (۵) خیام سید سلیمان ندوی پر ایک عروضی نظر، اطہر ہاپوڑی (۶) فارسی کے زیر سایہ اردو زبان کی تدریجی ترقی، سید عبداللہ (۷) نواب صمصام الدولہ شہنواز خاں، محوی صدیقی -

جن حضرات نے یہ مقالات اصل میں پڑھے ہیں انہیں یاد ہوگا کہ یہ ایک سے ایک بڑھ کر ہیں - ارباب ذوق کو لائق مرتب اور انجمن کا شکرگذار ہونا چاہئے - خدا کرے اس سلسلے کے باقی حصے بھی جلد شائع ہوں -

گلشن ہمیشہ بہار - مرتبہ ڈاکٹر اسلم فرخی تقطیع متوسط ضخامت ۳۴۳ صفحات